**22.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

.........................................................................

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے ساتھ ضمنی انتخابات کی کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی کے لیے سبھی تیاریاں کر لی گئی ہیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے قومی راجدھانی میں جرائم کو قطعی برداشت نہ کیے جانے کی بات کہی ہے اور کہا ہے کہ امن و قانون کی صورتحال میں کسی بھی قسم کی تساہلی ناقابل قبول ہے۔

☆ CBSE نے سنگل گرل چائلڈ کی میرٹ اسکالرشپ اسکیم کے لیے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔

☆ بھارت اور جاپان نے آزاد، کھلے اور ضابطوں پر مبنی بھارت بحرالکاہل خطے کی بات پر زور دیا ہے۔

☆ کرکٹ میں، جسپریت بُمراہ کی زبردست گیند بازی کے سبب پرتھ میں، آج پہلے دن آسٹریلیا کی ٹیم سات وکٹ کھو کر صرف 67 رن ہی بنا سکی۔

☆ اور ، چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی بیڈمنٹن جوڑی چائنا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2024 کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Counting***

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر کے اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی کی تمام تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ ساتھ ہی مختلف ریاستوں کی 48 اسمبلی سیٹوں کیلئے ہوئے ضمنی انتخابات اور کیرالہ کے پارلیمانی حلقے وائیناڈ اور مہاراشٹر کے ناندیڑ کے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کی تیاری بھی مکمل ہوگئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی صبح آٹھ بجے شروع ہوگی اور دوپہر تک نتائج آنے شروع ہوجائیں گے۔ پہلے ڈاک سے بھیجے گئے بیلٹ پیپرس کی گنتی ہوگی۔گنتی کے عمل کو ٹھیک ٹھاک طریقے سے چلانے کیلئے انتخابی کمیشن نے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔

جھارکھنڈ میں اِس ماہ کی 13 اور 20 تاریخ کو دو مرحلوں میں 81 سیٹوں کیلئے انتخابات ہوئے تھے۔ انتخابی کمیشن نے تمام 81 اسمبلی سیٹوں پر پُر امن گنتی کو یقینی بنانے کیلئے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔

گنتی کے ہر مرکز پر تین سطحی سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر کے روی کمار نے بتایا کہ

ریاست کے تمام ضلع ہیڈکوارٹروں میں 24 گنتی کے مراکز بنائے گئے ہیں۔

S/B CEO K Ravi Kumar

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Bhupendra

ووٹوں کی گنتی صبح آٹھ بجے شروع ہوگی جیسے ہی رجحانات آنے شروع ہوں گے، کئی بڑے سیاسی لیڈروں کی انتخابی قسمت کا فیصلہ سامنے آنے لگے گا۔ ان لیڈروں میں ہیمنت سورین، بابولال مرانڈی، سُدیش مہتو، جے رام کمار مہتو، چمپئی سورین، سریو رائے اور بنّا گپتا شامل ہیں۔ اِس مرتبہ کئی نشستوں پر سخت مقابلہ ہے جس میں ڈُمری، Mehgama، جمشید پور ویسٹ، بوکارو، جام تارا اور چندن کیاری شامل ہیں۔ 2019 کے اسمبلی انتخابات کی طرف نظر کریں تو معلوم ہوگا کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کو 30، بی جے پی کو 25، کانگریس کو 16 اور AJSU کو دو سیٹیں ملی تھی۔

رانچی سے کے کے لال اور بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمٰن

## Maharashtra Counting

مہاراشٹر میں 288 رکنی قانون ساز اسمبلی اور ناندیڑ لوک سبھا حلقے کی واحد سیٹ کے ضمنی چناؤ کے کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی سے قبل مہاراشٹر میں سیاسی سرگرمیاں شروع ہو گئی ہیں۔ مہایوتی اور مہا وکاس اگھاری کے سینئر رہنما، آزاد امیدوروں تک پہنچنے کی کوششوں میں مشغول ہیں۔

ایک رپورٹ -

V/C - Kunal Shinde

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کی کل ہونے والی گنتی کے لیے مہایوتی اور مہا وکاس اگھاڑی دونوں نے اقتدار میں آنے کا یقین ظاہر کیا ہے۔

اس دوران چھوٹے اور آزاد امیدوار اس بات کا اندازہ لگانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ کس کی حمایت کی جائے۔ ونچت بہوجن اگھاڑی کے پرکاش امبیڈکر کہہ چکے ہیں کہ انکی پارٹی اس بات سے قطع نظر کہ کون اقتدار میں آئے گا، حکومت کا حصہ بننے کو ترجیح دے گی۔

مہاراشٹر میں 20 نومبر کو ہوئے واحد مرحلے کے قانون ساز اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کی اتحادی BJP نے 149، شیو سینا نے 81 اور NCP نے 59 سیٹوں پر چناؤ لڑا تھا۔

اسی طرح مہا وکاس اگھاڑی کی حلیف جماعت کانگریس نے 101 ، شیو شینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ نے 95 اور NCP شرد پوار نے 86 سیٹوں پر اپنے امیدار اتارے تھے۔ 90 سیٹوں پر ہو رہے سخت مقابلے کی وجہ سے یہ انتخابات مزید لچسپ ہو گئے ہیں۔

ممبئی سے کنال شندے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے ضمیر رضوی

### BJP Tawde

BJP جنرل سکریٹری ونود تاوڑے نے کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، راہل گاندھی اور پارٹی ترجمان Supriya Shrinate کے خلاف Nalla Supara معاملے میں اُن کے مبینہ بے بنیاد الزامات کے خلاف ہتک عزت کا ایک معاملہ درج کیا ہے۔ جناب تاوڑے نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ اُن کی شبیہ بگاڑنے کی اِن کی کوششوں کے باوجود سچائی واضح ہے کہ مبینہ پانچ کروڑ روپئے انتخابی کمیشن اور پولیس کی جانب سے کی گئی تحقیقات میں کبھی برآمد ہی نہیں ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ یہ معاملہ کانگریس کی نچلی سطح کی سیاست اور ملک کو گمراہ کرنے کی ان کی جان بوجھ کر کی گئی کوششوں کو ظاہر کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ BJP سچائی اور عوام کے بھروسے کی پشت پر بے باکی کے ساتھ اپنا اعلیٰ مقام بنائے ہوئے ہے۔x

### Gehlot Nadda

BJP لیڈر کیلاش گہلوت نے آج نئی دلی میں مرکزی وزیر اور BJP کے صدر جگت پرکاش نڈا سے ملاقات کی۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب گہلوت نے کہا کہ میٹنگ کے دوران آئندہ دہلی اسمبلی انتخابات اور قومی راجدھانی میں پارٹی کو مستحکم کرنے کے طریقوں پر بات چیت کی گئی۔ دلی BJP سربراہ وریندر سچدیوا بھی اِس میٹنگ میں موجود تھے۔ دلی کے سابق وزیر کیلاش گہلوت، عام آدمی پارٹی چھوڑ کر حال ہی میں BJP میں شامل ہوئے تھے۔ x

### Amit Shah Delhi Police

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جرائم کے خلاف قطعی برداشت نہ کرنے کی پالیسی ہے اور دلی میں امن و قانون کی صورتحال میں کسی بھی قسم کی تساہلی ناقابل قبول ہے۔ وزیر داخلہ نے آج دلی پولیس کے ساتھ ایک میٹنگ کی اور امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس میٹنگ میں مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن، انٹیلیجنس بیورو ڈائریکٹر Tapan Deka، دلی پولیس کمشنر اور دیگر سینئر افسران موجود تھے۔ جناب شاہ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ہر پولیس والے کی یہ ایک ذاتی ذمہ داری ہے کہ وہ دلی والوں کو مکمل طور پر محفوظ ہونے کا احساس کرائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچوں، خواتین اور معمر شہریوں کی حفاظت دلی پولیس کی ترجیح ہونی چاہیے۔x

### PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے نائیجیریا، برازیل اور گیانا کا اپنا تین ملکوں کا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے۔ وزیراعظم کے اِس تیز رفتار دورے میں تین ملکوں میں کئی باہمی میٹنگیں ہوئیں۔ جناب مودی نے تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوران، عالمی لیڈروں کے ساتھ 31 باہمی میٹنگیں اور غیررسمی بات چیت کی۔

اِس دورے کے دوران، جناب مودی نے نائیجیریا میں ایک باہمی میٹنگ کی، برازیل میں جی ٹوینٹی سمت کے موقع پر 10 باہمی میٹنگیں کیں اور گیانا میں اسی طرح کی 9 میٹنگیں کیں۔

برازیل میں باہمی میٹنگوں کے دوران، انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto، پرتگال کے وزیر اعظم Luis Montenegro، برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer، چلی کے صدر Gabriel Boric اور ارجنٹینا کے صدر Javier Milei سے وزیر اعظم مودی نے اپنی پہلی میٹنگیں کی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے اپنے دورے پر جناب مودی ملک کے مختلف حصوں سے نادر تحائف اپنے ساتھ لے گئے تھے۔x

VC Eng Suparna / Anand

دورے کے دوران وزیر اعظم مودی مہاراشٹر سے آٹھ تحائف، جموں وکشمیر سے پانچ، آندھراپردیش اور راجستھان سے تین-تین، جھارکھنڈ سے دو اور کرناٹک، تمل ناڈو، اترپردیش، بہار، اڈیشہ اور لداخ سے ایک-ایک تحفہ اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ مہاراشٹر سے لئے گئے تحائف میں کولہاپور سے لیا گیا Silofar Panchamrit Kalash شامل ہے، جسے اُنھوں نے نائیجیریا کے صدر کو پیش کیا۔ Warli پینٹنگز برازیل کے صدر کو دی گئیں اور ایسے ہی تحائف کے طور پر CARICOM ممالک کے لیڈروں کو دی گئیں۔ پونے سے لیا ہوا خالص خام یاقوت، آسٹریلیا کے وزیر اعظم کو پیش کیا گیا۔ چاندی کا ہاتھ سے بنایا ہوا شطرنج کا ایک سیٹ پرتگال کے وزیراعظم کو دیا گیا جس پر روایتی ڈیزائن بنے تھے۔ موم بتی رکھنے کا ایک دلفریب چاندی کا اسٹینڈ، اٹلی کے وزیر اعظم کو دیا گیا۔

جموں وکشمیر کی درخشاں ثقافت کی نمائندگی کشمیری زعفران کے ذریعے ہوئی جسے ایک خوبصورت تحفے کے طور پر CARICOM ملکوں کے لیڈروں کو دیا گیا۔ راجستھان سے لئے گئے تحائف میں چاندی کا فوٹو فریم شامل تھا، جس پر پھلکاری کا کام کیا گیا تھا اور اِسے ارجنٹینا کے صدر کو پیش کیا گیا۔ آندھراپردیش سے لئے گئے تحائف میں بیش قیمتی پتھروں سے آراستہ چاندی کا Clutch Purse شامل ہے، جس پر خوبصورت پھولوں کے دقیق ڈیزائن بنائے گئے تھے، جسے برازیل کے صدر کی اہلیہ کو پیش کیا گیا۔ آندھراپردیش کی اَراکو وادی میں دیسی معاشروں کی جانب سے اُگائی جانے والے اَراکو Coffee ایک گفٹ ہیمپر کے طور پر CARICOM ممالک کے لیڈروں کو دی گئی۔

Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

## ***PM Mann Ki Baat***

وزیراعظم نریندر مودی اِس اتوار کو آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 116 واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن، AIR News کی ویب سائٹ اور Newsonair موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR News، DD News، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے Youtube چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔ x

## ***CBSE***

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے میرٹ اسکالر شپ اسکیم فار سنگل گرل چائلڈ کیلئے اہل طلبا سے آن

لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ اُس نے والدین کی واحد بچی کیلئے میرٹ اسکالر شپ اسکیم کیلئے ایسی بچیوں سے درخواستیں طلب کی ہیں جنھوں نے 2024 میں دسویں کا امتحان پاس کیا اور جو اَب CBSE سے تسلیم شدہ اسکولوں میں گیارھویں جماعت میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ، اُن طلبا سے بھی آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں جن کی دسویں جماعت کیلئے اُس سنگل گرل چائلڈ اسکالر شپ کو Renew کیا جانا ہے جو 2023 میں دی گئی تھی۔آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 دسمبر ہے۔ تفصیلات، اہلیت کی شرائط اور آن لائن درخواست فارم CBSE کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔x

## *Rajnath LAOS*

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے Laos Ventiane کے اپنے تین روزہ دورے کے آج آخری دن جاپان کے اپنے ہم منصب جنرل Nikatani سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ جنرل Nikatani کے ساتھ ان کی ملاقات اچھی رہی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری آزاد، کھلے اور اصولوں پر مبنی بھارت بحرالکاہل خطے کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرے گی۔

طرفین نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی صنعت اور ٹکنالوجی سے متعلق تعاون کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا۔ جناب سنگھ نے فلپنس کے دفاع کے سکریٹری Gilberto Teodoro سے بھی ملاقات کی۔

انہوں نے کہا کہ فلپنس ایکٹ ایسٹ پالیسی اور بھارت بحرالکاہل نظریے میں ایک اہم شراکت دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت فلپنس کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنے اور توسیع دینے کے تئیں مضبوطی سے عہدبستہ ہے۔x

## *President Telangana*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے سبھی شہریوں سے ''ملک مقدم'' نظریئے کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدرجمہوریہ آج صبح حیدرآباد میں ثقافتی تبادلے کے ایک منفرد پروگرام چوتھے لوک منتھن کا افتتاح کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کررہی تھیں۔

S/B - President Viksit Bharat

چار روزہ، لوک منتھن مذاکرات، ردّعمل اور ثقافتی تبادلے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جس سے لچک دار روّیے اور تحفظ کی عالمی داستانیں اُجاگر ہوتی ہیں۔ یہ تقریب ملک کے جنوبی حصے میں پہلی بار منعقد کی جارہی ہے۔ مغربی ایشیاء سمیت دنیا کے مختلف حصوں کی، وہ قدیم مذہبی برادریاں جنہیں تحفظ دیا گیا ہے، اِس منفرد نوعیت کے ثقافتی تبادلے کے لیے یکجا ہوئی ہیں۔x

## *Chattisgarh Maoist Killed*

چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں کم از کم دس ماؤنواز ہلاک ہو گئے۔

علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاعات حاصل ہونے کے بعد ضلع کے Konta علاقے میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور ڈسٹرک ریزرو گارڈ کی ایک مشترکہ ٹیم کے تلاشی کی ایک کارروائی کے بعد یہ جھڑپ شروع ہوئی۔ اِس کارروائی کے دوران مسلح لڑائی شروع ہو گئی جس میں دس ماؤنواز ہلاک ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز نے لاشیں برآمد کر لی ہیں۔ اِس کے علاوہ بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود بھی اس علاقے سے برآمد کیا گیا ہے۔ علاقے میں تلاشی کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔x

## UN Lebonon

اقوامِ متحدہ نے کہا ہے کہ انخلاء کے احکامات اور فضائی حملوں نے لبنان میں 8 لاکھ 80 ہزار سے زیادہ افراد کو اپنے گھروں سے نقل مکانی پر مجبور کیا ہے۔ انسانی امور کے تال میل کے اقوام متحدہ کے دفتر، OCHA نے کہا ہے کہ جو لوگ لبنان میں رہ گئے ہیں اُنھیں بگڑتی غذائی صورتحال کا سامنا ہے۔ مائیگریشن سے متعلق بین الاقوامی ادارے نے خبر دی ہے کہ لبنان میں 8 لاکھ 80 ہزار سے زیادہ لوگ اندرونِ ملک نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں۔ اِن میں 20 ہزار سے زیادہ وہ تارکین وطن بھی شامل ہیں جنھیں اپنے گھروں اور کام کرنے کی جگہ دونوں کو ترک کرنا پڑا۔ پناہ گزینوں سے متعلق اقوام متحدہ کی ایجنسی نے خبر دی ہے کہ 5 لاکھ سے زیادہ لوگ لبنان چھوڑ کر ملک شام چلے گئے ہیں جن میں آدھے سے زیادہ تعداد بچوں کی ہے۔x

## IFFI With Capsule

بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول، IFFI میں آج شام تفریح اس وقت عروج پر پہنچ گئی جب سینکڑوں فنکاروں نے ڈھول نگاڑوں کے بیچ انٹرٹینمینٹ سوسائٹی آف گوا کے دفتر سے کلا اکیڈمی تک کارنیول پریڈ نکالی۔ آج شام پانچ ٹیمیں، تین زمروں میں ایک دوسرے سے مقابلہ آرائی کر رہی ہیں۔

S/B - Rohit Shirodkar

پریڈ سے الگ آسمانی قندیل کا مقابلہ بھی منعقد کیا گیا، جس میں گوا بھر سے شامل ہوئے افراد نے اپنی خوبصورت قندیلوں کی نمائش کی۔

آسمانی قندیلوں کے مقابلے کے ایک جج کالی داس Satardekar نے آکاشوانی کو بتایا کہ فنکاروں نے اپنی تخلیقات کے لیے ٹاٹ، کاغذ اور ناریل جیسی ماحول دوست اشیا کا استعمال کیا۔

اِس سے پہلے فلم بازار میں کئی سرگرمیاں دیکھی گئیں جہاں فلموں سے وابستہ بڑی تعداد میں موجود افراد نے ایک دوسرے سے رابطہ قائم کرنے، اشتراک کرنے اور نیٹ ورک قائم کرنے کے لیے ملاقات کی۔

## Cricket Indi VS Aus

کرکٹ میں، پرتھ میں کھیلے جارہے بارڈر-گواسکر ٹرافی کے افتتاحی میچ میں پہلے دن کے اختتام پر آسٹریلیا نے بھارت کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں 7 وکٹ پر 67 رن بنائے تھے۔ جسپریت بمراہ نے بہترین گیندبازی کا مظاہرہ

کرتے ہوئے پہلے دن 4 وکٹ لئے۔
اِس سے قبل بھارت کی شروعات انتہائی کمزور رہی اور اپنی پہلی اننگز میں پوری ٹیم 150 رن کے اسکور پر آل آؤٹ ہوگئی۔ اپنا پہلا میچ کھیل رہے نتیش کمار ریڈی نے، بھارت کی طرف سے سب سے زیادہ 59 گیندوں پر 41 رن بنائے۔ آسٹریلیا کی طرف سے Josh Hazlewood نے سب سے زیادہ 4 وکٹ لئے۔x

## *China Masters*

چائنا ماسٹرز 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔
بھارتی جوڑی نے Kim Astrup اور Anders Skaarup Rasmussen پر مشتمل ڈنمارک کی جوڑی کو آج شام Shenzhen مین کھیلے گئے کوارٹر فائنل میچ میں اکیس-سولہ اور اکیس-انیس سے ہرا دیا۔
دوسری جانب مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میچ میں لکشیہ سین کو ڈنمارک کے Anders Antonsen کے ہاتھوں اٹھارہ - اکیس اور پندرہ-اکیس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆